© rasailojaraid.com



فتوے میں کہا گیا ہے کہ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا احترام اور اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اکرام واحترام اہل سنت کے عقیدے کا جزو ہے۔ جو شخص تمام صحابہ کرام یا امہات المؤمنین میں سے کسی ایک کی بھی شان میں گستاخی کا مرتکب ہوگا اس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں اور وہ دائرہ کفر میں شمار ہو گا۔علماء کونسل کے بیان میں کہا گیا ہے کہ امہات المؤمنین اور آپ کی آل اہل بیت میں شامل ہیں۔اہل سنت والجماعت کا یہ عقیدہ ہے کہ صحابہ کے ساتھ بغض رکھنے والے کا ایمان اور اسلام سلامت نہیں رہتا اور وہ دائرہ اسلام سے باہر ہو جاتا ہے۔ سعودی علماء کی جانب سے جاری اس فتوے میں علماء کونسل کے تمام ممبران کے دستخط ثبت ہیں۔ نیز فتوے کی تیاری میں آیات قرآنی اور احادیث رسول کو بطور استناد شامل کیا گیا ہے۔فتوے کے مطابق جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک ہستی کی عزت وتکریم ہمارے ایمان کا حصہ ہے اسی طرح آپ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے محبت اور عقیدت بھی جزو ایمان ہے۔ازواج مطہرات اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اولاد اہل بیت میں شامل ہیں جیسا کہ خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث ثقلین میں ۳ مرتبہ اس کا ذکر فرمایا۔اس کے علاوہ قرآن کریم کی آیات بھی ازواج مطہرات کو اہل بیت رسول میں شامل کرنے کی دلیل ہیں۔العربیہ کی رپورٹ کے مطابق سعودی علماء کے متفقہ فتوے میں کہا گیا ہے کہ جو شخص صحابہ کرام، امہات المؤمنین یا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر کسی بھی قسم کی تہمت لگاتا ہے تو وہ گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوتا ہے۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر الزام تراشی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب بیوی پر الزام لگانا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب بیوی پر الزام (نعوذ باللہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر الزام تراشی کے مترادف ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت اس وقت تک مکمل نہیں ہوسکتی جب تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ، ازواج مطہرات اور اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین سے بلا امتیاز محبت اور عقیدت نہ رکھی جائے۔سعودی علماء کی جانب سے جاری تازہ فتوے میں ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے احادیث میں وارد مناقب اور فضائل بھی بیان کیے گئے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوب ترین اہلیہ تھیں، ان کے لیے اللہ کی طرف سے حضرت جبریل علیہ السلام بھی سلام لے کر آئے۔ بیان کے مطابق سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر جب ایک شخص نے تہمت لگائی تو اللہ تعالیٰ نے اس کی صفائی بیان فرماتے ہوئے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکیزگی کی ایسی سند عطا فرمادی جو کسی اور کو نہیں مل سکی۔اللہ تعالیٰ نے خود سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی پاکدامنی کی تصدیق کی جس کی قرآن کی آیات شاہد ہیں۔ سعودی علماء کی جانب سے یہ فتویٰ ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ دنوں کویت کے ایک شیعہ عالم نے لندن میں تقریب کے دوران ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی شان میں نازیبا زبان استعمال کی تھی۔اس پر ایران کے مذہبی پیشوا خامنہ ای نے بھی تمام اصحاب اور ازواج مطہرات کے تقدس کو لازمی قرار دیا تھا اور صحابہ کی شان میں گستاخی کرنے والوں کی مذمت بھی کی تھی۔ (''روزنامہ اسلام'' ملتان، ۱۱/اکتوبر ۲۰۱۰ء)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● مولانا قاری غلام رسول شوق صاحب کی والدہ مرحومہ، کوٹلہ، ضلع گجرات۔ امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم، جناب عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری اور حافظ ضیاء اللہ ہاشمی نے تعزیت و دعائے مغفرت کی۔

● **سالار چودھری اللہ رکھا مرحوم:** مجلس احرار لاہور کے قدیم کارکن۔ انتقال ۱۲؍اکتوبر ۲۰۱۰ء لاہور۔

● **چودھری نصیر احمد فیروز پوری مرحوم:**

حاجی غضنفر علی (بوریوالہ) اور چودھری خالد محمود چک ۳۹۔۱۲؍ایل (چیچہ وطنی) کے قریبی عزیز چودھری نصیر احمد فیروز پوری گزشتہ دنوں انتقال فرما گئے۔

● **مولانا مفتی عطاء اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ۔** اوکاڑہ کے معروف عالمِ دین، آپ نے ساری زندگی خدمتِ دین میں بڑی سادگی سے گذاری۔

● **شیخ محمد طارق مرحوم،** موتی بازار لاہور۔ انتقال ۲۷؍ستمبر، بروز پیر

● **چودھری کرم الٰہی مرحوم:** مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے کارکن جناب عیش محمد کے سسر اور محمد معاویہ رضوان کے نانا۔ انتقال، یکم اکتوبر ۲۰۱۰ء ملتان۔

● **حبیب اللہ نمبردار مرحوم:**

ٹوبہ ٹیک سنگھ کے چک نمبر ’’۳۳۵ گ ب‘‘ کے حبیب اللہ نمبردار ۱۰؍اکتوبر کو انتقال فرما گئے۔ حضرت پیر جی عبدالعلیم رائے پوری شہید رحمۃ اللہ علیہ (چیچہ وطنی) کی مجلس کے زندہ دلان میں ان کا خصوصی شمار تھا۔ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ سے خصوصی محبت رکھتے تھے۔ اپنے فرزندان سے کہہ رکھا تھا کہ جنازہ حضرت پیر جی مدظلہ سے پڑھائیں لیکن وہ پہلے سے طے شدہ مصروفیت کے باعث جنازہ کے موقع پر نہ پہنچ پائے۔ حضرت پیر جی عبدالحفیظ رائے پوری مدظلہ العالی (چک ۱۱ والے) نے ۱۱؍اکتوبر کو نماز جنازہ پڑھائی۔ ۲۲؍اکتوبر کو حضرت پیر جی مدظلہ العالی اور عبداللطیف خالد چیمہ نے چک نمبر ۳۳۵ گ ب میں مرحوم کی رہائش گاہ پر مرحوم کے فرزند محمد امین، محمد فاروق، محمد رفیق اور دیگر سے تعزیت کا اِظہار کیا اور دعائے مغفرت کی۔ حاجی محمد رشید رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند مولانا محمد بن محمد رشید اور دیگر ساتھی بھی موجود رہے۔

● **چودھری محمد اکرم مرحوم:** محمد نوید طاہر ناظم نشریات احرار بوریوالہ کے خالو چودھری محمد اکرم، انتقال: ۲۵؍اکتوبر کو چک نمبر ۳۹۔۱۲؍ایل (چیچہ وطنی)

● **حاجی محمد عثمان مرحوم:** مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے صدر شیخ نسیم الصباح کے بھانجے۔ انتقال: ۸؍اگست ۲۰۱۰ء



© rasailojaraid.com